ملفوظات
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنز الایمان ۔ فتاویٰ رضویہ ۔ احکام شریعت ۔ حدائق بخشش ۔ الامن والعلیٰ ۔

شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

ناشران

بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم

فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977

ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب .... ملفوظات

مصنف .... مولانا احمد رضا خان بریلویؒ

سرورق .... امر شاہد

مطبع .... فرینڈز پرنٹرز، جہلم

ہدیہ .... [illegible]/- روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم وعرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم واَدب، اُردو بازار لاہور

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

دوست مدینہ طیبہ کے رہنے والے ان کا مدینہ منورہ سے بھیجا ہوا ایک خط اتوار کے روز مجھے ملا جس میں پچاس روپے کی طلب تھی۔ بدھ کے روز یہاں سے ڈاک جاتی تھی۔ جو ہفتہ کو ڈاک کے جہاز میں روانہ ہو جاتی تھی۔ پیر کے دن مجھے خیال تک نہ رہا منگل کے روز یاد آیا دیکھا تو اپنے پاس پانچ پیسے بھی نہیں وہ دن بھی ختم ہوا۔ نماز مغرب پڑھ کر اور یہ فکر کہ کل بدھ ہے اور ابھی تک روپے کی کوئی سبیل نہیں میں نے سرکار میں عرض کیا کہ حضور ہی میں بھیجنا ہے عطا فرمائے جائیں کہ باہر سے حسنین میاں (اعلیٰ حضرت مدظلہ کے بھتیجے) نے آواز دی، سیٹھ ابراہیم بمبئی سے ملنے آئے ہیں۔ "میں باہر آیا اور ملاقات کی، چلتے وقت اکیاون روپے انہوں نے دیئے حالانکہ ضرورت صرف پچاس روپے کی تھی۔ یہ اکیاون روپے یوں تھے کہ ایک روپیہ فیس منی آرڈر کا بھی تو دینا پڑتا ہے غرض صبح کو فورا منی آرڈر کر دیا۔

مؤلف: یہ ہے یرزقہ حیث لا یحتسب

عرض: بعض اکابر اولیاء کرام سے کچھ کلمات ایسے صادر ہونے جو بظاہر خلاف شریعت ہیں اس میں ان کو معذور رکھا جاتا ہے اور ان کلمات کی تاویل کی جاتی ہے۔ اگر کوئی اس زمانہ میں ایسے الفاظ کہے تو اس کو کیوں معذور نہیں رکھا جاتا۔

ارشاد: اگر اس کی ولایت ثابت ہو جائے تو اس کو معذور رکھا جائے گا۔

معرفت ولایت کا طریقہ

عرض: ثبوت ولایت کا کیا طریقہ ہے۔

ارشاد: اطباق آئمہ کا علماء کا جمہور کا سواد اعظم کا۔ سواد اعظم جس کو ولی مان رہا ہے وہ بیشک ولی ہے اور اگر یہ شرط نہ لگائی جائے بلکہ جس کسی کو بھی خلاف شریعت الفاظ بکتے سنئے اس کو معذور رکھئے تو ہر شرابی ہر بھنگڑا جو چاہے گا بک دے گا اور کہہ دے گا کہ ہم نے حالت سکر میں ایسا کہا شریعت بالکل معدوم ہو جائے گی۔

عرض: بعض وظائف میں آیات اور سورتوں[1] کا معکوس کر کے پڑھنا لکھا ہے۔

---

[1] سورتوں آیتوں کا معکوس پڑھنا حرام قریب کفر ہے۔ صرف ترتیب بدلنا بھی مکروہ ہے۔ یعنی پہلی کو پیچھے اور پچھلی کو پہلے پڑھنا۔